## نماز امام حسینؑ

یہ بھی چار رکعت نماز ہے جسکی ہر رکعت میں سُورہ حمد اور سُورہ توحید پچاس پچاس مرتبہ، اسی طرح دس دس مرتبہ سُورہ حمد و توحید کو رکوع، رکوع کے بعد سیدھے کھڑے ہوکر، پہلے سجدے، دونوں سجدوں کے درمیان اور دوسرے سجدے میں پڑھیں اور نماز سے فارغ ہوکر یہ دعا پڑھیں: اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الَّذِیْ اسْتَجَبْتَ لِآدَمَ وَحَوَاءَ تا آخر۔ یہ دعا کچھ طویل ہے۔

## نماز امام زین العابدینؑ

یہ بھی چار رکعت نماز ہے جسکی ہر رکعت میں ایک مرتبہ سُورہ حمد اور سو مرتبہ سُورہ توحید پڑھیں اور نماز کے بعد حضرتؑ کی یہ دعا پڑھیں:

**يَا مَنْ أَظْهَرَ الْجَمِيلَ وَسَتَرَ الْقَبِيحَ، يَا مَنْ لَمْ يُؤَاخِذْ بِالْجَرِيرَةِ، وَلَمْ يَهْتِكِ السِّتْرَ، يَا عَظِيمَ**

اے وہ جو اچھائی کو ظاہر اور برائی کو چھپاتا ہے اور وہ جو گناہ پر نہیں پکڑتا اور پردہ فاش نہیں کرتا اے عظیم عفو

**الْعَفْوِ، يَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ، يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ، يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ، يَا صَاحِبَ كُلِّ نَجْوىٰ**

والے اے بہترین درگزر کرنے والے اے وسیع مغفرت والے اے رحمت کرنے کیلئے دونوں ہاتھ کھلے رکھنے والے اے ہر بھید کے جاننے والے اے

**يَا مُنْتَهىٰ كُلِّ شَكْوىٰ، يَا كَرِيمَ الصَّفْحِ، يَا عَظِيمَ الرَّجَاءِ، يَا مُبْتَدِئاً بِالنِّعَمِ قَبْلَ اسْتِحْقَاقِهَا،**

تمام شکایتوں کی آخری بارگاہ اے چشم پوشی کرنے والے مہربان اے سب سے بڑی امیدگاہ اے کسی کے حقدار ہونے سے پہلے نعمتیں دینے والے اے

**يَا رَبَّنَا وَسَيِّدَنَا وَمَوْلانَا، يَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا، أَسْأَلُكَ اللّٰهُمَّ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ.**

ہمارے رب اے ہمارے سردار اے ہمارے آقا اے ہماری رغبت کی انتہا اے اللہ میں سوال کرتا ہوں کہ تو محمدؐ و آلِ محمدؑ پر اپنی رحمت نازل فرما۔

urdu.duas.org